مسئلہ: محترم جناب مفتی صاحب جامعہ اشرفیہ لاہور، بندہ کی بیٹی کے ساتھ زنا بالجبر کی کوشش کی گئی، اور گھر کی چار دیواری کا تقدس بھی پامال کیا گیا، یہ کیس عدالت میں چل رہا ہے، اب فریقین صلح کرنا چاہتے ہیں اس شرط پر لڑکی والے لڑکے والوں سے کچھ رقم وصول کریں، اس کی شرعی حیثیت واضح فرما دیجئیے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامدا و مصلیا و مسلما

واضح رہے کہ زنا بالجبر ہونے یا نہ ہونے کی صورت میں زانی کو سزا دینا عدالت کا کام ہے، کیونکہ یہ حقوق اللہ میں شامل ہے، جس کو ثابت ہونے کے بعد بندہ بھی معاف نہیں کر سکتا، تاہم لڑکی کے ورثاء کا زنا بالجبر کی کوشش کرنے کے بدلے مال لینا جائز نہیں ہے، البتہ جو خرچہ کیس کی پیروی، تھانہ، کچہری اور وکیل کی فیس وغیرہ پر ہوا ہے وہ لے سکتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

العبد الضعیف

ڈاکٹر امجد علی عفی عنہ

رفیق دار الافتاء جامعہ اشرفیہ لاہور

۱۳/۱۰/۱۴۴۲

۲۰۲۱/۰۵/۲۵

الجواب صحیح

۱۳/۱۰/۱۴۴۲ھ

۲۵/۰۵/۲۰۲۱ء

الجواب صحیح